# خاندان اور انکے بچوں کو جاننا



**اہل خانہ اور انکے بچوں کے ساتھ پُراعتماد، منافع بخش تعلقات کی تعمیر انکی ضروریات اور اہداف کو جاننے سے شروع ہوتی ہے۔** خاندانوں کو یہ بتانے کے لیے مدعو کرنا کہ انکے لیے کیا اہم ہے، آپ کو اور آپ کے عملے کو خاندانوں کے ساتھ باہمی متحرک، پُر احترام اور اثر انداز ہونے والے تعلقات بنانے میں مدد دیتے ہیں اور سال بھر شفاف اور شمولیتی فیصلہ سازی کی راہ ہموار کرتے ہیں۔



**ابتدائی طفلی کے بہترین طریقِ کار صدمے سے آگہی کے طریقِ کار بھی ہیں۔** ایک ابتدائی طفلی معلم کی حیثیت سے آپ ایسے اثر انداز ہونے، دیکھ بھال کرنے والے اور قابل پیش گوئی ماحول اور تعلقات فراہم کرنے کے مقام پر موجود ہیں جنہیں تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ اضطراب اور صدمے میں تخفیف لا سکتے ہیں۔ "خاندانوں کے لیے سال کے آغاز کا سوالنامہ" کا انتظام کر کے آپ اہل خانہ، کمیونٹی اور سماجی / جذباتی بہبود کو اسکول کے آغاز پر ایک جگہ اکھٹا کر تے ہیں۔ اس سوالنا مے سے آپ نے جو سیکھا ہے اسے اپنے روزمرہ کے طریقِ کار کے ساتھ ملانے سے عملے، اہل خانہ، اور بچوں کے اضطراب کو کم کیا جا سکتا ہے اور تعلیمی کامیابی کے لیے ایک مضبوط بنیاد بنائی جا سکتی ہے۔

### "خاندانوں کے لیے سال کے آغاز کا سوالنامہ" کا انتظام کرنے کے امید افزا طریقہ

- ❑ ایک ایسا "خاندانوں کے لیے سال کے آغاز کا سوالنامہ"تشکیل دیا جائے جو اہل خانہ کی انکے بچوں کے لیے آپ کے پروگرام میں ترجیحات، ضروریات اور اہداف کی معلومات حاصل کر سکے (اگلے صفحے پر سوالنا مے کی ایک مثال ملاحظہ کریں)۔
- ❑ کسی استاد یا اہل خانہ کارکن کے ساتھ انفرادی ملاقاتوں میں، گرمیوں یا تعلیمی سال کے شروع ہونے پر خاندانوں کے لیے اس سوال نا مے کو پُر کرنے کا ایک وقت معین کریں۔
- ❑ اسے یقینی بنائیں کہ عملہ اس سوالنامہ کو اہل خانہ سے بات چیت کی بنیاد کے بطور استعمال کریں، بجائے اسکے کہ ایک انٹرویو لیں۔ اہل خانہ کے ساتھ اس بات چیت میں شریک ہونے کے لیے ذیل پر غور کریں:
    - ❑ اہل خانہ کی اس معلومات کو اکھٹا کرنے کی وجہ بتائیں
    - ❑ ان معلومات کو ایک حساس اور مہذب انداز میں اکھٹا کریں
    - ❑ ان اہل خانہ کا احترام کریں جو تمام سوالوں کے جواب نہیں دینا چاہتے
- ❑ ان اہل خانہ کے لیے سہولیات فراہم کرنے کی منصوبہ بندی کریں جو اس سوالنا مے کو انگریزی میں مکمل نہیں کر سکتے۔ نمونہ سوالنا مے کے ترجمے اضافی وسائل کے نیچے، یہاں دستیاب ہیں Building Family-Community Relationships Infohub page

## اہم معلومات جو ایک سوالنامے میں شامل کی جائیں

| بچے کی معلومات | خاندان کی معلومات |
|---|---|
| ← بچہ کس نام سے بلائے جانا پسند کرتا ہے<br>← اس بچے کی تقویتیں اور خاص دلچسپیاں<br>← اس بچے کی ترجیحات (مثلاً، پسندیدہ کھلونے، سرگرمیاں) اور کوئی ناپسندیدہ چیزیں<br>← اس بارے میں معلومات کہ یہ بچہ والدین / سرپرستوں سے سابقہ علیحدگیوں سے کس طرح نبرد آزما ہوا<br>← کوئی ایسے شعبے جن میں اس بچے کو معاونت کی ضرورت ہے (مثلاً، زبان / ابلاغ کی صلاحیتیں، بیت الخلا کی تربیت)<br>← کوئی الرجیز، ادویات، دمہ، یا دیگر جسمانی ضروریات<br>← اس بچے کی تعلیمی ضروریات یا مشکلات کے بارے میں کوئی معلومات<br>← اس بچے کے بارے میں کوئی ایسی معلومات جس کا معلوم ہونا ایک معلم کے لیے فائدہ مند ہو | ← تمام والدین / سرپرستوں کے نام اور رابطہ معلومات<br>← گھر میں بولی جا نے والی زبانیں<br>← ابلاغ کے لیے بولنے اور لکھنے کی ترجیحی زبان<br>← ابلاغ کے ترجیحی طریقے (مثلا، فون، ٹیکسٹ، ای میل، گھر پر خطوط، وغیرہ۔)<br>← بچے کے والدین / سرپرستوں کے اس مقام پر آ نے یا ورچوئلی بات چیت کرنے کے لیے دستیاب عام اوقات<br>← پری کنڈرگارٹن اور اس سے آ گے والدین کی اپنے بچے سے امیدیں اور خواہشات<br>← کوئی ایسی صلاحیتیں، روایات، یا دست کاریاں جنکا اہل خانہ کلاس کے ساتھ اشتراک کرنا چاہتے ہوں<br>← اس خاندان کے بارے میں کوئی دیگر ایسی معلومات جس کا معلوم ہونا ایک معلم کے لیے فائدہ مند ہو سکتا ہو |

### وسائل

"خاندانوں کے لیے سال کے آغاز کا سوالنامہ"کا ایک نمونہ اگلے صفحے پر ہے۔ مزید معلومات کے لیے، شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم کی اہل خانہ کی تقویت اور کمیونٹی کی شراکت ٹیم کو اس پر ای میل کریں FECP@schools.nyc.gov

NYC Department of Education

# خاندانوں کے لیے سال کے آغاز کا سوالنامہ

عزیزی اہلِ خانہ،

اس فارم کو مکمل کرنے کے لیے وقت نکالنے کا شکریہ۔ جو معلومات آپ فراہم کریں گے وہ ہمیں اس اسکولی سال میں آپ اور آپکے بچے کو خدمات مہیا کرنے میں مدد دیں گی۔ ایسے سوالات کو بلا جھجک چھوڑ دیں جنکے جواب دینے میں آپ اچھا محسوس نہیں کرتے، لیکن برائے مہربانی نوٹ کریں کہ **آپ جو معلومات فراہم کریں گے وہ خفیہ رہے گی**، اور آپکے بچے کے تعلیمی تجربے اور آپکے اپنے بچے کی تعلیم میں بطور ایک شراکت دار کے تجربے کو افزوں کرنے کے لیے صرف آپکے بچے کے کلاس روم استاد اور دیگر ضروری اسکولی عملے کے ساتھ بانٹی جائے گی۔ ہم تمام سال کے دوران آپکے ساتھ ہماری شراکت داری کو جاری رکھنے کے متمنی ہیں، اور ہم آپکے کسی بھی مزید تبصرات، سوالات، یا تشویشات کے لیے ہمارے ساتھ رابطے کی ہمت افزائی کرتے ہیں۔

**جز 1: آپکے بچے کے متعلق**

1. آپکے بچے کا پہلا نام کیا ہے؟

2. آپکے بچے کا آخری نام کیا ہے؟

3. آپکا بچہ کیا کھلائے جانا پسند کرتا ہے؟

4. اپنے بچے کے بارے میں آپکی چند پسندیدہ چیزیں کیا ہیں؟

5. آپ کے بچے کی خصوصیات یا کرنے کی چند پسندیدہ چیزیں کیا ہیں (مثلاً، ڈرائنگ، کہانیوں کا مطالعہ، تصوراتی کھیل، باہر کھیلنا)؟

6. کیا آپکے بچے کا کوئی پسندیدہ کھلونا یا اسٹفڈ جانور ہے؟

7. کیا آپکا بچہ کچھ ناپسند کرتا ہے جنکے بارے میں ہمیں معلوم ہونا چاہیئے (مثلاً: ہلکی نیند لینا، خاص کھانے)؟

Department of Education

8. برائے مہربانی اپنے بچے کے کوئی جسمانی، جذباتی، طرزِ عمل، یا آموزش کے مسائل کے بارے میں ہمیں مطلع کریں جن سے آپکے خیال میں ہمیں آگاہ ہونا چاہیئے تاکہ ہم اسکی تمام سال کے دوران مدد کرسکیں۔

9. آپکا بچہ کس زبان (زبانوں) میں بات کرنے میں آسانی محسوس کرتا ہے؟

10. کیا آپکے بچے کو ذیل میں سے کسی میں مدد درکار ہوگی؟ تمام قابلِ اطلاق پر نشان لگائیں۔

☐ بیت الخلا کی تربیت ☐ کپڑے پہنا

☐ ہلکی نیند لینا ☐ کھانا

ذیل کی جگہ میں اپنے جوابات کی بلا جھجک وضاحت کریں:

11. کیا آپکے بچے کو کوئی الرجی ہے (بشمول کھانے کی الرجی) جس سے ہمیں آگاہ ہونا چاہیئے؟ "ہاں" یا "نہیں" پر نشان لگائیں۔

☐ جی ہاں
اگر "ہاں"، برائے مہربانی وضاحت کریں:

☐ جی نہیں

12. کیا آپکے بچے کی کبھی دمہ کی تشخیص کی گئی ہے یا نیبولائزر استعمال کیا ہے؟ "ہاں" یا "نہیں" پر نشان لگائیں۔

☐ جی ہاں
اگر "ہاں"، برائے مہربانی وضاحت کریں:

☐ جی نہیں

13. کیا آپکے بچے کی کوئی اور طبی صورتِ حال ہے جس سے ہمیں آگاہ ہونا چاہیئے؟ "ہاں" یا "نہیں" پر نشان لگائیں۔

☐ جی ہاں
اگر "ہاں"، برائے مہربانی وضاحت کریں:

☐ جی نہیں

14. کیا آپکا بچہ فی الوقت دوائیاں لے رہا ہے؟ "ہاں" یا "نہیں" پر نشان لگائیں۔

☐ جی ہاں
اگر "ہاں"، برائے مہربانی وضاحت کریں:

☐ جی نہیں

15. کیا آپکے بچے نے ماضی میں کسی روایتی بچوں کی نگہداشت پروگرام میں شرکت کی ہے؟ "ہاں" یا "نہیں" پر نشان لگائیں۔

☐ جی ہاں
اگر "ہاں"، برائے مہربانی وضاحت کریں:

☐ جی نہیں

16. آپ کیا توقع کرتے ہیں کہ آپکا بچہ پری کنڈرگارٹن میں منتقلی سے کیسے نمٹے گا؟ تمام قابلِ اطلاق پر نشان لگائیں۔

☐ میرا بچہ پری کنڈرگارٹن میں شرکت کرنے کے لیے پُرجوش ہے۔
☐ میرا بچہ "گڈ بائے" سے گھبراتا ہے۔
☐ یہ میرے بچے کا طویل عرصے کے لیے گھر سے سے باہر رہنے کا پہلا موقع ہے۔
☐ یہ میرے بچے کے لیے ایک مشکل منتقلی ہوگی۔

ذیل کی جگہ میں اپنے جوابات کی بلا جھجک وضاحت کریں:

17. برائے مہربانی ہمیں اپنے بچے کے بارے میں اور بھی چیزوں سے مطلع کریں جو ہمیں اسکی زیادہ موثر طور پر دیکھ بھال میں مدد کریں:

**جز 2: آپ اور آپکے بچے کے خاندان کے متعلق:**

18. ذیل کی جگہ میں، برائے مہربانی اپنے بچے کے والدین / سرپرست (**بشمول آپکے**) کا پہلا نام، آخری نام، فون نمبر اور ای میل پتہ درج کریں:

پہلا نام: آخری نام:

بچے سے رشتہ: بچے کے ساتھ رہائش پذیر ہے؟ ("ہاں" یا "نہیں" لکھیں)

فون #: ای میل پتہ:

پہلا نام: آخری نام:

بچے سے رشتہ: بچے کے ساتھ رہائش پذیر ہے؟ ("ہاں" یا "نہیں" لکھیں)

فون #: ای میل پتہ:

19. اگر ہمیں آپ سے رابطہ کرنا ہو تو آپ کی ترجیح کیا ہوگی کہ ہم کس طرح رابطہ کریں؟ تمام قابلِ اطلاق پر نشان لگائیں۔

- ☐ فون
- ☐ ٹیکسٹ
- ☐ ای - میل
- ☐ گھر خطوط بھیجے جائیں

20. آپ دن میں کس وقت (اوقات) ہماری سائٹ کی جانب سے رابطہ کیا جانا پسند کریں گے؟ تمام قابلِ اطلاق پر نشان لگائیں۔

- ☐ صبح (خاص اوقات درج کریں: )
- ☐ دوپہر (خاص اوقات درج کریں: )
- ☐ شام (خاص اوقات درج کریں: )

21. کیا ہفتے کے دوران خاص دن یا دن میں اوقات ہیں جن میں آپ کلاس سرگرمی میں حصہ لینے کے لیے دستیاب ہیں؟ تمام قابلِ اطلاق پر نشان لگائیں۔

- ☐ پیر (خاص اوقات درج کریں: )
- ☐ منگل (خاص اوقات درج کریں: )
- ☐ بدھ (خاص اوقات درج کریں: )
- ☐ جمعرات (خاص اوقات درج کریں: )
- ☐ جمعہ (خاص اوقات درج کریں: )
- ☐ ہفتہ (خاص اوقات درج کریں: )
- ☐ اتوار (خاص اوقات درج کریں: )

22. آپکے گھر پر کونسی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

23. آپ ہماری سائٹ سے کونسی زبان میں تحریری معلومات موصول کرنا پسند کریں گے؟

24. آپ کیا چاہیں گے کہ ہم آپ سے کس زبان میں بات کریں؟

25. آپکے بچے کے کتنے بہن بھائی ہیں؟ انکی عمریں کیا ہیں؟

26. آپ کے خیال میں اس سال پری کنڈرگارٹن میں آپکے بچے کے لیے کیا سیکھنا اہم ہے؟

27. آپکی اپنے بچے کے اس اسکولی سال اور اسکی زندگی دونوں کے لیے کیا امیدیں اور خواہشات ہیں؟

28. آپ اس سال ہماری کلاس کے ساتھ کیا ہنر، روایتیں، رواج یا ثقافتی نمونہ بانٹنا پسند کریں گے؟
جوابات کو یہ منصوبہ بندی کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا کہ ہم سال میں کس نوعیت کی خاندانی تقریبات منعقد کریں۔

- ☐ موسیقانہ / فنی ہنر
- ☐ آپکی خاندانی تاریخ کے متعلق کہانیاں
- ☐ پسندیدہ خاندانی چیز اور اسکی تاریخ
- ☐ کھانا اور نسخے
- ☐ پسندیدہ کھیل
- ☐ گانے
- ☐ آپکے خاندان کے آبائی ملک سے تصاویر، معلومات یا ثقافتی چیز
- ☐ آپکی ملازمت کے بارے میں معلومات
- ☐ ایک خاندانی مہم سے متعلق کہانیاں یا تصاویر
- ☐ آپکی آبائی زبان میں مزاحیہ خاکے
- ☐ دیگر (برائے مہربانی ذیل کی جگہ میں وضاحت کریں):

29. کیا کوئی ایسے تہوار یا روایات ہیں جو آپ کے اہل خانہ کے لیے اہم ہیں؟ "ہاں" یا "نہیں" پر نشان لگائیں۔

- ☐ جی ہاں
  اگر "ہاں"، برائے مہربانی وضاحت کریں:

- ☐ جی نہیں

30. کیا آپکے خاندان کے بارے میں اور بھی کوئی بات ہے جو ہمیں معلوم ہونی چاہییے تاکہ ہم آپ اور آپکے بچے کو بہتر خدمات فراہم کرسکیں؟

**آپ کا ہمیں اپنے خاندان کو جاننے میں مدد کرنے کا شکریہ!**